**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

## عدالتوں سے سزایافتہ مجرم اور بھگوڑے نواز شریف کی بیہودہ گفتگو پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

جاتی امراء کے نوسرباز، بزدل اور بھگوڑے کی چوروں کی بیٹھک گیدڑ بھبھکیوں، جھوٹ، خرافات، لغویات اور الزام تراشی کا مجموعہ ہے، بدزبان، جاہل اور گنوار شخص کے گھر کے مکینوں کے کرتوتوں کو نام دینے کا سلسلہ شروع کیا تو یہ بے شرم ان سے بھی آنکھ نہیں ملا پائے گا، اس مجرم کو ریاستی پناہ میں واپس لاکر عدالتوں سے خصوصی معافی دلوانا بھی اسے عوام کی نگاہ میں بے گناہ اور معصوم ثابت نہ کر سکا، خود کو مظلوم کہنے والا قومی مجرم آج تک اپنے دفاع میں کوئی بھی رسید یا دستاویزات عدالت میں پیش نہ کر سکا، نواز شریف اور ان کے ٹبر کی لوٹ مار کے قصے کئی دہائیوں سے زبان زدِ عام ہیں جنہیں قوم کی یاداشت سے مٹایا نہیں جاسکتا، تحریک انصاف کے دور میں 17 سالہ بہترین معاشی کارکردگی کا اعتراف نواز شریف کے بھائی کی حکومت میں جاری کیے گئے اقتصادی سروے میں کیا گیا، شوباز شریف کی 17 ماہ کی نااہل حکومت میں ملکی معیشت کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا گیا جس کا اعتراف ان کی اپنی جماعت کے رہنما کر چکے ہیں، ملک کے سیاسی عمل کو اپنی گھٹیا اور غیر اخلاقی حربوں پر مشتمل طرزِ سیاست سے آلودہ کرنے والے شخص کو اخلاقیات کا درس دیتے ہوئے شرم آنی چاہیئے، تاریخ گواہ ہے کہ تیسرے این آر او کے نتیجے میں خود کو "سرخرو" کہنے والے نواز شریف کی جعلی سیاسی زندگی ذلت آمیز 'ڈیلز اور ضمانتوں' کا مجموعہ ہے، 40 سال سے ملک و قوم کو لوٹنے والا مجرم ایک اور ڈیل کے ذریعے اقتدار پر قابض ہو کر قومی وسائل پر ڈاکہ زنی کی تیاری کر رہا ہے، نواز شریف کو ملک پر مسلط کرنے کیلئے عدالتوں سے ملنے والا خصوصی ریلیف اور پروٹوکول بھی ان کی مایوسی میں کمی کی بجائے اضافے کا سبب بن رہیں، قوم پراجیکٹ نواز شریف کو مکمل طور پر مسترد کر چکی ہے اور اس کا عملی مظاہرہ 8 فروری کو ن لیگ کی سیاست دفن کر کے کرے گی،

ترجمان تحریک انصاف